# گُل و برگ گزٹ

گورنمنٹ گریجوایٹ کالج برائے خواتین گُل برگ، لاہور

جنوری ۲۰۲۴، جمادی الثانی ۱۴۴۵ھ، پوہ ۲۰۸۰ب تا اگست ۲۰۲۴، صفر المظفر ۱۴۴۶ھ، بھادوں ۲۰۸۱ب

Live To Learn

شمارہ: ۰۱

سرپرست اعلیٰ: پروفیسر ڈاکٹر نگہت ناہید ظفر (پرنسپل)

مدیرِ اعلیٰ: ڈاکٹر نائلہ مجوکہ

مدیران: ڈاکٹر صائمہ شمس

ڈاکٹر عائشہ عظیم

Website: https://ggcwg.edu.pk gcwgulberg@gmail.com https://www.facebook.com/profile.php?id=100083161300676&mibextid=ZbWKwL https://www.instagram.com/ggcwgl?igsh=cnpmb2NsdzNzaGVs




میں فخر و انبساط کے ساتھ ''گُل و برگ گزٹ'' کی پہلی اشاعت پر ادارے کے اساتذہ اور طالبات کو مبارک باد پیش کرتی ہوں۔

کالج کے سالانہ میگزین کو ''گُل و برگ گزٹ'' اور ان شاء اللہ مُستقبل قریب میں ''گُل و برگ ریسرچ جرنل'' کی صورت میں، گورنمنٹ گریجوایٹ کالج برائے خواتین گُل برگ، لاہور، ایک نئے سنگ میل کی بنیاد رکھے گا۔ ہم چاہتے ہیں کہ جدت اور روایت کی ہم آہنگی سے طالبات کو کالج کے شب و روز اور اساتذہ و محققین کی تحقیقی و تخلیقی صلاحیتوں سے آگاہی ہو اور کالج ھذا کی متنوّع سرگرمیوں کی جھلک دکھا کر طالبات کی تنقیدی و تعمیری سوچ کو پروان چڑھا کر عملی زندگی کے لیے تیار کیا جائے۔

میں ادارتی ٹیم کے اساتذہ اور طالبات کو ''گُل و برگ گزٹ'' کے اس دل چسپ نئے سفر کے لیے مبارک باد پیش کرتے ہوئے ادارے کی ترقی کے لیے دعا گو ہوں۔

پروفیسر ڈاکٹر نگہت ناہید ظفر

پرنسپل

گورنمنٹ گریجوایٹ کالج برائے خواتین گُل برگ، لاہور کے شش ماہی ''جریدۂ خبر'' کی پہلی اشاعت کے افتتاحی شمارے میں خوش آمدید!

''جریدۂ خبر'' کا یہ پہلا شمارہ کالج ھذا کی میرِ کارواں پروفیسر ڈاکٹر نگہت ناہید ظفر کی ژرف نگاہی کا بیّن ثبوت ہے۔ یہ خبروں، کامیابیوں اور مشترکہ نقطہ نظر کو پیش کرنے کے لیے ایک پلیٹ فارم کی حیثیت رکھتا ہے۔ ''جریدۂ خبر'' کا مقصد طالبات، اساتذہ اور عملے کے درمیان رابطے کو فروغ دینا ہے۔ یہ شمارہ کالج ھذا کی اہم و نمایاں کامیابیوں کے ساتھ ساتھ ان اقدامات پر بھی روشنی ڈالتا ہے جو لکھنے میں چند الفاظ لیکن علمی و ادارہ جاتی سطح پر ایک ''بڑی جست'' ہیں۔

امید ہے کہ ہم آئندہ کے شماروں میں طالبات کی تعلیمی فضیلت، ان کی اختراعی کوششوں اور تعلیمی کارکردگی کی تفصیل پیش کریں گے۔ ''جریدۂ خبر'' پڑھنے کے لیے آپ کا شکریہ۔ ہم تعاون، تاثرات اور تجاویز کا خیر مقدم کرتے ہیں تاکہ یہ صحیح معنوں میں ہماری مشترکہ کاوش بن سکے۔

نیک خواہشات

مدیران

# کالج کی خبریں

## رائٹرز کارنر کلب

رائٹرز کارنر کلب نے، جو علم اور تخیل کی آغوش میں پروان چڑھ رہا ہے، ۱۷ فروری ۲۰۲۴ کو 'سنو کہانی' کے سیشن کا انعقاد کیا۔ مہمان مقرر محترمہ پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر نگہت ناہید ظفر تھیں۔ پرنسپل صاحبہ نے اپنی شیریں آواز میں امریتا پریتم کی شان دار نثر سے الفاظ کا حسین نقشہ بُنتے ہوئے روایت کے سائے تلے کہانیاں سنانے کے لازوال فن کو زندہ کیا۔

## بنک اکاؤنٹ کی سہولت

طالبات کو مستقبل میں معاشی سرگرمیوں کو سنبھالنے اور خود انحصاری کی راہ پر سرگرم دیکھنے کے لیے پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر نگہت ناہید ظفر کی پیش بین نگاہ نے محترمہ فرحت شاہد، صدر شعبہ معاشیات کی نگرانی میں فروری ۲۰۲۴ء میں نیشنل بینک آف پاکستان کے زیرِ انتظام اپنے نام پر اکاؤنٹ کھولنے کی سہولت کالج میں فراہم کی۔ طالبات نے اس سہولت سے بہت فائدہ اٹھایا اور پرنسپل صاحبہ کا خصوصی شکریہ ادا کیا۔

## کالج کا دسواں کانووکیشن

بی ایس پروگرام کے دسویں کانووکیشن کا انعقاد، ۲۷ فروری ۲۰۲۴ کو گورنمنٹ گریجوایٹ کالج برائے خواتین گل برگ لاہور میں کیا گیا۔ تقریب میں ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کی خصوصی سیکریٹری محترمہ شاہدہ فرخ نوید نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ مہمانانِ اعزاز میں جناب عثمان طاہر جپہ، ایڈیشنل سیکریٹری اسٹیبلشمنٹ ایچ ای ڈی، جناب محمد زاہد میاں ڈائریکٹر کالجز لاہور ڈویژن، لاہور اور لاہور کالج برائے خواتین یونی ورسٹی لاہور کی وائس چانسلر شامل تھیں۔ سیکڑوں چمکتے چہروں اور امید افزا آنکھوں میں روشن مستقبل کے خواب سجائے طالبات نے گولڈ میڈلز، رول آف آنرز اور سرٹیفکیٹس حاصل کیے۔

## ہفتہ عالمی ماحولیات

گورنمنٹ گریجوایٹ کالج برائے خواتین گل برگ، لاہور میں ۱۸ مارچ ۲۰۲۴ کو جنگلات کا عالمی دن پورے جوش و جذبے سے منایا گیا۔ تقریب کا آغاز معزز مہمانِ خصوصی سپیشل سیکرٹری ایچ۔ ای۔ ڈی جناب منیب الرحمٰن نے پودا لگا کر کیا۔ ڈی۔ پی آئی کالجز پنجاب پروفیسر ڈاکٹر سید انصر اظہر، ڈائریکٹر کالجز لاہور ڈویژن محمد زاہد میاں، پرنسپل گورنمنٹ گریجوایٹ کالج برائے خواتین گل برگ، لاہور پروفیسر ڈاکٹر نگہت ناہید ظفر اور بی ایس بائیوٹیکنالوجی اور کیمسٹری کی طالبات نے اپنے اپنے حصے کا پودا لگا کر اس بات کا عہد کیا کہ ہم اس طرح کی ماحول دوست سرگرمیوں میں حصّہ لیتے رہیں گے تاکہ ماحولیاتی آلودگی کا تدارک کیا جاسکے۔

۲۱ مارچ ۲۰۲۴ کو پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر نگہت ناہید ظفر، وائس پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر شگفتہ گل ریز، اساتذہ کرام اور طالبات کی نگرانی میں جنگلات کے تحفظ اور بقا کے حوالے سے واک کی گئی۔ واک کے دوران ''پلانٹ فار پاکستان'' کے حوالے سے کمیونٹی سروس فراہم کی گئی تاکہ عام شہری ماحول کو صاف رکھنے کے لیے موثر کردار ادا کرسکیں۔ لوگوں کو کم از کم ایک پودا لگانے اور ''پلانٹ فار پاکستان'' مہم میں مثبت کردار ادا کرنے کی ترغیب دی گئی۔

## پنجاب کی ثقافت کا دن

۱۴ مارچ کا دن برسوں سے پنجاب کی سرزمین پہ پھیلی ثقافت اور کلچر کو منانے کا دن ہے۔ پنجاب حکومت کی ہدایات کی روشنی میں کالج میں اساتذہ اور طالبات نے اپنی ثقافت سے متعلقہ لباس زیب تن کیے اور ابلاغ کے لیے بھی اپنی ماں بولی پنجابی زبان کا انتخاب کیا۔ مسز شازیہ فیاض نے ''سنو کہانی'' میں نزہت عباس کی کہانی ''پنگھوڑا'' اور وارث شاہ کا کلام سنایا۔ طالبات نے اس دن کو یادگار بنا دیا۔

## کتاب میلہ

۱۱ مارچ ۲۰۲۴ کو ڈائریکٹر کالجز لاہور ڈویژن، لاہور، کی ہدایت کے مطابق تین روزہ کتاب میلہ، کالج کے مرکزی میدان میں سجایا گیا۔ کتاب میلے کا مقصد طالبات میں مطالعے کی عادت کو فروغ دینا تھا اور انھیں موبائل فون اور ڈیجیٹل میڈیا کے مشینی دور میں صحت مند اور تخیلاتی تفریحی سرگرمیوں کی اہمیت کا احساس دلانا تھا۔ کتاب میلہ کتابوں کے شوقین افراد کے لیے نئی کتابوں کی دریافت کا ایک بہترین موقع فراہم کرتا ہے۔ اساتذہ اور طالبات کو کتابوں کے اسٹالز میں گہری دلچسپی لیتے دیکھا گیا۔

## سالِ اوّل اور بی ایس کلاسز کا آغاز

امسال شعبہ ہائر ایجوکیشن نے مارچ میں صوبہ بھر کے کالجز کو خصوصی ہدایات جاری کیں کہ نہم جماعت کے نتیجے کی بنیاد پر سالِ اوّل اور سالِ اوّل کے نتائج کی بنیاد پر بی ایس پروگرام میں داخلہ دے کر طالبات کی ابتدائی کلاسز کا اہتمام کیا جائے۔ اللہ کی خصوصی مہربانی سے کالج ہذا کی پرنسپل صاحبہ اپنے اس ہدف کو حاصل کرنے میں کامیاب ٹھہریں۔

نہم جماعت کے نتائج کی بنیاد پر تقریباً پانچ سو طالبات کو سالِ اوّل میں داخلہ دیا گیا اور کلاسز کا باقاعدہ آغاز موسم گرما کی تعطیلات سے پہلے ہی کر دیا گیا۔ اسی طرح سالِ اوّل کے نتائج کی بنیاد پر بی ایس کے مختلف شعبہ جات میں طالبات کو پہلی میقات میں داخلہ دیا گیا۔

## تقریبِ یومِ پاکستان

۲۳ مارچ ۲۰۲۴ کو یوم قرار دادِ پاکستان منایا گیا۔ طالبات میں پوسٹر سازی کے مقابلے ہوئے۔ طالبات نے مصوری کے ذریعے قومی ہیروز کو خراج تحسین پیش کیا۔ ''پاکستان زندہ باد'' اور ''جیوے جیوے پاکستان'' کے نعرے لگائے اور اپنے وطن سے محبت کے اظہار کے لیے قومی نغمے بھی گائے۔

## سائبر کرائم کے حوالے سے سیمینار

۲۶ مارچ ۲۰۲۴ کو پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر نگہت ناہید ظفر کی قیادت میں ایک سیمینار بعنوان ''سائبر کرائم اور سوشل میڈیا اخلاقیات'' کا انعقاد کیا گیا تاکہ طالبات کو سوشل نیٹ ورکنگ کے مسائل اور اس کے بہتر استعمال کے بارے میں اخلاقیات سکھائی جا سکیں۔ اس کا مقصد طالبات کو ان کے ڈیجیٹل حقوق اور پاکستان کے سائبر کرائم قانون کے بارے میں آگاہ کرنا تھا تاکہ پاکستانی شہریوں کو آن لائن ہراساں ہونے اور دھوکہ دہی سے بچایا جا سکے۔

## اَرتھ ڈے

۸، اپریل ۲۰۲۴ کو لاہور کالج برائے خواتین یونی ورسٹی کے شعبہ ماحولیات نے گل برگ کالج میں ''ارتھ ڈے'' منایا۔ اس تقریب کا مقصد طالبات میں ماحولیاتی آگاہی کو فروغ دینا تھا۔ لاہور کالج برائے خواتین یونی ورسٹی اور گورنمنٹ گریجوایٹ کالج برائے خواتین گل برگ کے درمیان تعاون نے ماحولیاتی تحفظ میں اجتماعی کوششوں کی اہمیت کو اجاگر کیا۔

## ایم ڈی کیٹ

۲۰ مئی ۲۰۲۴ کو کالج کے عارفہ سیدہ ہال میں ایم ڈی کیٹ اور ای کیٹ کے لیے ایک تعارفی سیشن کا انعقاد کیا گیا۔ پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر نگہت ناہید ظفر نے تعارفی سیشن میں تمام طالبات اور ان کے والدین کا خیر مقدم کیا۔ انھیں نصاب، اہلیت کے معیار، اوقاتِ کار کے انتظام کے بارے میں تفصیلات فراہم کی گئیں۔ طالبات نے اپنے والدین کے ساتھ نہ صرف تعارفی سیشن میں شرکت کی بلکہ سائنس لیبارٹری، کتب خانہ اور کچن گارڈن، لیکچر رومز اور کیفے ٹیریا کا دورہ بھی کیا۔ یہ طالبات کے لیے ایک دِل چسپ اور پُرکشش سیشن تھا۔

## چھاتی کے کینسر کے بارے میں آگاہی

۲۴ مئی ۲۰۲۴ کو پنک ربن آرگنائزیشن کے CEO عمر آفتاب صاحب نے کالج کا دورہ کیا۔ یہ دورہ کالج کی طرف سے چھاتی کے کینسر کے بارے میں آگاہی بڑھانے اور اس بیماری سے متاثرہ افراد کو عملی مدد فراہم کرنے کے وسیع تر اقدام کا حصّہ تھا۔ پروفیسر ڈاکٹر نگہت ناہید ظفر نے چھاتی کے کینسر کی آگاہی کی اہمیت پر زور دیا اور اس شعبے میں پنک ربن آرگنائزیشن کی کوششوں کو سراہا۔ عمر آفتاب صاحب نے ابتدائی تشخیص، باقاعدگی سے خود معائنہ اور علاج کے مختلف دست یاب طریقہ ہائے کار اور سہولتوں کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ دورے کا ایک اہم پہلو پنک ربن آرگنائزیشن کے CEO کی جانب سے چھاتی کے کینسر کے علاج کے لیے رعایتی کوپنز کی تقسیم تھی۔ یہ کوپنز پنک ربن آرگنائزیشن کی عملی حکمت عملی کا حصہ ہیں تاکہ علاج کو زیادہ سے زیادہ سستا اور قابلِ رسائی بنایا جا سکے۔

## دو نئے بی ایس پروگرامز کا اجرا

پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر نگہت ناہید ظفر کی محنت اور بصیرت افروزی نے کالج میں ایک شان دار تعلیمی ماحول کو فروغ دیا ہے۔ کالج کی جانب سے فراہم کردہ سازگار ماحول اور جامع حمایت نے ایک متحرک تعلیمی کمیونٹی کی تشکیل میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ ۱۱ جون ۲۰۲۴ کو جی سی یو لاہور اور لاہور کالج برائے خواتین یونی ورسٹی لاہور کی الحاقی کمیٹی کا دورہ کامیابی کے ساتھ مکمل ہوا۔ کمیٹی نے بی ایس میڈیا اور کمیونیکیشن اسٹڈیز پروگرام کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس کامیاب دورے کے نتیجے میں الحاقی کمیٹی نے آئی آر اور پبلک پالیسی کے مضامین میں دو نئے پراگرامز کے اجرا کی سفارش کی جن کی درخواست ایچ ای سی کے پاس منظوری کے مراحل میں ہے۔ یہ فیصلہ ہمارے ادارے کے اعلیٰ معیار اور عمدہ تعلیمی ماحول کا عکاس ہے۔

## کالج ویب گاہ اور برقی کتب خانہ کا افتتاح

۷ جون ۲۰۲۴ کو کالج ھذا میں جدید تقاضوں سے ہم آہنگ ویب گاہ اور برقی کتب خانہ کا افتتاح کیا گیا۔ تقریب میں بطور مہمانِ خصوصی سیکرٹری ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر فرخ نوید مدعو تھے۔ مہمانانِ اعزاز میں ڈائریکٹر پبلک انسٹرکشنز کالجز پنجاب ڈاکٹر سید انصر اظہر، ایڈیشنل ڈی پی آئی کالجز پنجاب جناب میاں محمد زاہد اور ڈائریکٹر کالجز لاہور ڈویژن جناب احسن مختار ملک نے تقریب کو رونق بخشی۔ ڈاکٹر فرخ نوید نے ڈیجیٹل لائبریری اور کالج ویب گاہ کا افتتاح کیا اور ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے تمام پبلک سیکٹر کالجز میں یہ اعزاز گورنمنٹ گریجوایٹ کالج برائے خواتین گُل برگ، لاہور کے حصے میں آنے پر مبارک باد دیتے ہوئے ادارہ کی کارکردگی کو سراہا کہ یہ ای لائبریری اور جدید پیمانوں پر ویب سائٹ بنانے والا پہلا ادارہ ہے۔ اکیسویں صدی میں ہم ڈیجیٹل عہد میں داخل ہو چکے ہیں لہٰذا برقی کتب خانہ وقت کے تقاضوں کی ضرورت ہے جسے گُل برگ کالج نے سب سے پہلے نہ صرف محسوس کیا بلکہ اسے عملی طور پر کر کے بھی دکھایا۔ آخر میں پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر نگہت ناہید ظفر نے معزز و محترم مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔

## کھیل کا میدان

گورنمنٹ گریجوایٹ کالج برائے خواتین گُل برگ میں طالبات کی نصابی تربیت کے ساتھ ساتھ انھیں ہم نصابی اور غیر نصابی سرگرمیوں کے مواقع بھی یکساں فراہم کیے جاتے ہیں۔ ہماری پُر جوش طالبات نے شعبہ اعلیٰ تعلیم کے دوسرے کھیلوں کے مقابلہ جات میں ضلعی اور ڈویژن کی سطح پر پہلی اور تیسری پوزیشن حاصل کی۔ کالج کا اعزاز ہے کہ شعبہ اعلیٰ تعلیم کی طرف سے منعقدہ کھیلوں کے دوسرے مقابلہ جات کی افتتاحی تقریب میں ضلع لاہور کے ۳۴ کالجوں میں سے مارچ پاسٹ میں پہلی پوزیشن حاصل کی۔

# جشنِ آزادی کی تقریبات

تقریبات کا آغاز ۱۲، اگست سے ہوا۔ کالج کو سفید اور سبز قمقموں اور قومی پرچم سے سجایا گیا۔ اساتذہ اور طلبا کے درمیان دوڑ اور رسّہ کشی کے مقابلے ہوئے۔ ۱۳، اگست کو ''وطن بچاؤ درخت لگاؤ''، ''درخت لگائیں پاکستان کے لیے'' کے نعرے کے تحت درخت لگائے گئے۔ مہم میں پرنسپل، وائس پرنسپل، اساتذہ کرام اور طالبات نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ ۱۴، اگست کو صبح ۷:۵۹ پر پرچم کشائی کی تقریب منعقد ہوئی اور صبح ۸:۰۰ بجے قومی ترانہ بجایا گیا۔ اس موقع پر پرنسپل، وائس پرنسپل، تمام اساتذہ کرام اور گرل گائیڈ طالبات موجود تھیں۔

شعبہ تاریخ نے یوم آزادی کے حوالے سے تقاریر اور ملّی نغموں کے مقابلے منعقد کروائے۔ پروگرام میں تمام اساتذہ کرام اور طالبات نے جوش و خروش سے حصّہ لیا۔ تقریب کے اختتام پر پرنسپل صاحبہ نے طالبات سے خطاب کیا اور انھیں پاکستان کی ترقّی کے لیے لگن اور عزم کے ساتھ کام کرنے کی ترغیب دی۔ طالبات کی حوصلہ افزائی کے لیے ان میں تعریفی اسناد اور نقد انعامات تقسیم کیے گئے۔








# شعبہ جاتی خبریں

## اُردو

☆ شعبہ اردو کی طالبہ رابعہ عاشق نے گیریژن یونی ورسٹی لاہور کے زیر انتظام ہونے والے کل لاہور تقریری مقابلہ میں پہلا انعام حاصل کیا۔

☆ شعبہ اردو کی طالبہ رابعہ عاشق NAB کے زیر انتظام ہونے والے کُل پنجاب اردو مباحثہ میں پنجاب بھر میں ''دوسرے انعام'' کی حق دار ٹھہریں۔

☆ شعبہ اردو کی طالبہ رابعہ عاشق نے کالج کی جانب سے ایم اے او کالج لاہور میں منعقدہ ''ضیا محی الدین مقابلہ نظم ونثر خوانی'' کے مرحلے ''نثر خوانی'' میں حصہ لیا اور ''دوسرے درجے'' پر فائز رہیں۔

## اِطلاقی نفسیات

☆ صدر شعبہ اطلاقی نفسیات ڈاکٹر صبح ملک نے FCC میں منعقد ہونے والی ''سائنس نشست'' کی صدارت کا اعزاز حاصل کیا۔

☆ دو فارغ التحصیل طالبات نمرہ اور ماہین کی پولیس کے محکمے میں تعیناتی ہوئی۔

☆ ایف سی سی یو میں پہلی بین الاقوامی کانفرنس میں فاریہ سہیل، فضہ بتول اور عفت قدیر نے اجتماعی طور پر ایک مقالہ تحریر اور پیش کیا۔

## انگریزی

☆ شعبہ کی ہونہار طالبہ ثمرہ فیض میقات دوم نے شعبہ فنون لطیفہ کی طالبات کے ساتھ ''افزائش آبادی اور صحت کے مسائل'' کے موضوع پر پوسٹر سازی کے مقابلے میں حصہ لیا اور تیسری پوزیشن حاصل کی۔

☆ جولائی ۲۰۲۴ء میں ''محکمہ یوتھ افیئرز پنجاب'' کے زیر انتظام ''جنون اور عشق سے ملتی ہے آزادی'' کے موضوع پر ہونے والے تقریری مقابلہ جات میں شعبہ کی طالبہ مہکاش گیلانی نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔

## طبیعات

☆ شعبہ طبیعات کی دو طالبات ندا حسین اور کرن شہزادی نے جامعہ کی سطح پر بالترتیب دوسری اور چوتھی پوزیشن حاصل کی

☆ شعبہ کی جانب سے ''سول لائنز کالج'' میں منعقدہ ''سائنس نمائش'' میں بی ایس کی طالبات ربیعہ حیدر، امۃ الوہاب، انعم اور زنیرہ افتخار نے Best innovative model بنانے پر بیس ہزار روپے بطور انعام حاصل کیے۔

## علم التّعلیم

☆ نمرہ یعقوب، طیّبہ سلیم اور ارفع مصطفیٰ نے لاہور کالج برائے خواتین یونیورسٹی لاہور میں پہلے، تیسرے اور چوتھے درجے کی امتیازی حیثیت حاصل کی۔

☆ شعبہ کی ایک ہونہار طالبہ نمرہ یعقوب نے نصابی وہم نصابی سرگرمیوں میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا۔ نمرہ یعقوب نے جامعہ پنجاب لاہور کی ICORE ۲۰۲۳ء کانفرنس میں ایک تحقیقی مقالہ پیش کیا۔ کالج میگزین کی معاون مدیر رہیں۔ مقابلہ مضمون نویسی میں ضلع بھر میں اور ڈویژن کی سطح پر بھی اول انعام حاصل کیا۔ شعبہ جاتی سرگرمیوں میں نظامت کے فرائض بھی سرانجام دیے۔

## فنونِ لطیفہ

☆ چونا منڈی کالج لاہور میں بین الکلیاتی مصوّری اور پھولوں کی ترتیب وآرائش کے مقابلوں کا اہتمام کیا گیا۔ طالبات نے مجموعی طور پر پانچ انعامات حاصل کیے۔ خشک پھول مقابلے میں علیشہ اور تازہ پھول مقابلے میں ازکیٰ، دونوں نے اول انعام وصول کیا۔ اسی طرح تازہ پھول مقابلے میں زنوبیہ اور خشک پھولوں کے مقابلے میں عائشہ علی تیسرے نمبر پر رہیں جبکہ ماہین انور ڈیزائن کے مقابلے میں تیسرے درجے پر رہیں۔

## گھریلو معاشیات

☆ بی ایس چوتھی میقات کی طالبات عشاء بٹ اور کرن الیاس نے گورنمنٹ اسلامیہ کالج کینٹ، لاہور میں امور خانہ داری میں سلاد اور سینڈوچ بنانے کی عملی مہارت کے مقابلے میں دوسری پوزیشن حاصل کی۔


☆ شعبہ سے متعلق منصوبوں کی سالانہ نمائش نہ صرف جدید اور جامع تعلیم کا ثبوت تھی بلکہ طالبات کی دلچسپی اور علمی لگن کو فروغ دینے کے لیے شعبے کے عزائم کا مظہر بھی تھی۔

## معاشیات

☆ بہترین تعلیمی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے جامعہ کی سطح پر تحریم نیرہ پہلے، ثمن یعقوب تیسرے اور نمرہ چودھری چوتھے نمبر پر رہیں۔

☆ بی ایس معاشیات ساتویں میقات کی طالبات نے پاکستان سٹاک ایکسچینج کا مطالعاتی دورہ کیا۔ جناب سرمد حسین جنرل مینیجر آپریشنز اینڈ ریجنل بزنس ڈویلپمنٹ نے طالبات اور اساتذہ کرام کو ہمہ گیر معلومات فراہم کیں۔ مزید برآں انھوں نے طالبات کو اپنے ادارے میں انٹرن شپ کی پیشکش بھی کی جس سے مستقبل میں طالبات کے لیے روزگار کے امکانات روشن ہوں گے۔

## ع یہ علم کا سودا، یہ کتابیں، یہ رسالے




**علمی نثر: اصول و رسمیات**

مرتبین: ڈاکٹر ناصر عباس نیر
ڈاکٹر شائستہ حسن

گرمانی مرکز زبان و ادب، کی جانب سے فروری ۲۰۲۴ء میں شائع ہونے والی مذکورہ کتاب ۲۱۶ صفحات پر مشتمل ہے جس میں تحقیق کے جدید اور جملہ اصولوں کا احاطہ کیا گیا ہے۔

موضوع کے انتخاب سے مقالے کی تکمیل تک کے تمام مراحل اس رہ نما کتاب میں موجود ہیں۔ مرتبین کا یہ دعویٰ بالکل درست ہے کہ ''یہ رہ نما کتاب طالب علم محققین کے لیے، رسائل کے مدیران اور اساتذہ کے لیے بھی افادیت کی حامل تصور ہوگی''۔ معیاری علمی نثر کے وہ اصول پیش کیے گئے ہیں جن کا خیال تحقیقی مقالات میں رکھنا اشد ضروری ہے۔ اردو میں تحقیق و تدوین کی دنیا میں یہ کتاب اپنی طرز کی واحد کتاب ہے کہ جس میں علمی نثر نگاری اور رسمیات کے ضمن میں تمام زاویوں سے مضامین شامل ہیں۔

## ع اور جہدِ مسلسل کا ثمر دیکھ رہے ہیں

ادارہ ترقی پانے والے محنتی اساتذہ کو تہنیت پیش کرتا ہے۔

| | |
|---|---|
| ☆ ڈاکٹر شگفتہ گل ریز | شعبہ کیمیا |
| ☆ ڈاکٹر شاہدہ سہیل | شعبہ علم التعلیم |
| ☆ ڈاکٹر روزینہ چودھری | شعبہ طبیعات |
| ☆ ڈاکٹر ثمینہ ندیم | شعبہ اردو |
| ☆ ڈاکٹر عاصمہ اصغر | شعبہ اردو |
| ☆ ڈاکٹر رخسانہ یاسمین | شعبہ تاریخ |
| ☆ مسز فرحت شاہد | شعبہ معاشیات |

## ع تو رہے سلامت تا قیامت، الوداع

ادارے سے سبک دوش ہونے والے اساتذہ اور معاون عملے کے اراکین کی خدمات ہمیشہ یاد رہیں گی۔

**پروفیسرز:**

فرحانہ شاہد (شعبہ فارسی)، عدیلہ خالد (شعبہ سوشل ورک)، لبنیٰ جمال (شعبہ انگریزی)، عنبرین جمیل (شعبہ اُردو)، فوزیہ اکرم (شعبہ اُردو)

**ایسوسی ایٹ پروفیسرز:**

عطیہ انعام (شعبہ گھریلو معاشیات)، انیلہ الطاف (شعبہ انگریزی)، عابدہ تاثیر (شعبہ گھریلو معاشیات)، عذرا ناہید (شعبہ کیمیا)، فضیلت ملک (شعبہ معاشیات)، آسیہ بانو (شعبہ اُردو)، ڈاکٹر سلمیٰ مظہر (شعبہ گھریلو معاشیات)

**معاون عملہ:**

ڈاکٹر شاہدہ جاوید (ڈپٹی چیف لائبریرین)، مقبول حسین (اسسٹنٹ)، محمد آصف (سپرنٹنڈنٹ)، نوید احمد خان لودھی (لیب سپروائزر)، محمد ادریس (چوکی دار)

## انتقالِ پُر ملال

## ع کہیں سے آبِ بقائے دوام لا ساقی

- پروفیسر ڈاکٹر کوثر خان، سابق صدر شعبہ طبیعات طویل عرصہ کی تدریسی خدمات کے بعد ۲۰۲۲ء میں اپنی ذمہ داریوں سے سبک دوش ہوئیں۔ وہ ۱۴، اپریل ۲۰۲۴ء کو حرکت قلب بند ہو جانے کے باعث خالقِ حقیقی سے جا ملیں۔ ان کی اچانک وفات سے کالج کا عمومی ماحول سوگوار رہا۔ اللہ رب العزت انھیں کروٹ کروٹ جنت نصیب فرمائے۔ آمین۔ کالج کے لیے ان کی خدمات ناقابل فراموش رہیں۔

- کالج کے پرانے اور محنتی مددگار جمیل مسیح مختصر علالت کے بعد ۱۳ مئی ۲۰۲۴ء کو انتقال کر گئے۔ ادارہ ان کے اہل خانہ کے غم میں شریک رہا۔